# آگ سے بچاؤ



یونیسف

این ڈی ایم اے

1 گرمیوں کے دن تھے اور باہر تیز دھوپ تھی۔ بچے اپنی اپنی کلاس میں بیٹھے سبق پڑھ رہے تھے۔



2 اچانک سکول کی گھنٹی بجنا شروع ہو گئی۔



3


گھنٹی کی آواز سن کر سب بچے سمجھے کہ چھٹی کا وقت ہوگیا ہے۔ مانی کھڑا ہو کر کھڑکی سے باہر دیکھنے لگا تاکہ گھنٹی بجنے کی وجہ جان سکے۔




4 سکول کے باہر آگ کے شعلے نظر آئے اور مانی سمجھ گیا کہ گھنٹی آگ لگنے
کی وجہ سے بجائی گئی تھی۔



5 آگ کا سن کر کلاس روم میں افرا تفری مچ گئی اور سب بچے ایک ساتھ دروازے کی طرف بھاگنے لگے ۔




6 استانی نے بچوں کو پریشان دیکھ کر ان کو حوصلہ دیا اور قطار بنا کر باہر جانے کی نصیحت کی۔



7 مانی نے قطار میں سب سے آگے جا کر تمام بچوں کو راستہ دکھایا اور ان کو آگ سے بچا کر سکول کے میدان کی طرف لے گیا۔




8 استانی نے فائر بریگیڈ کے عملے کو اطلاع کر دی اور وہ بھی وقت پر سکول پہنچ گئے۔



**9** بچے دور سے کھڑے فائر بریگیڈ کے عملے کو آگ پر پانی پھینکتا دیکھ کر خوش ہوئے اور سکھ کی سانس لی ۔



10 فائر بریگیڈ کے عملے نے ہوشیاری کے ساتھ آگ پر جلدی قابو پا لیا اور سکول کی عمارت کو زیادہ نقصان ہونے سے بچا لیا۔



11 مانی کی عقلمندی اور بہادری سے سب بچے کسی جانی اور مالی نقصان سے بچ گئے۔



1) آگ لگنے کی صورت میں قطار بنا کر عمارت سے باہر چلے جائیں ۔

2) ضروری کاغذات ساتھ رکھ لیں ۔

3) آگ کے دھوئیں سے بچنے کے لیے منہ پر گیلا کپڑا / رومال رکھ لیں ۔

4) فائر بریگیڈ کے عملے کو فوری اطلاع دیں ۔

5) اپنے ساتھیوں کا خیال رکھیں ۔